**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), and the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898)*

**Whereas** it is expedient to establish a comprehensive legal framework for preventing deaths caused by intoxicated driving, ensuring mandatory chemical testing, expeditious investigation, appropriate charging standards, and enhanced accountability, in line with international best practices;

It is hereby enacted as follows:–

1. **Short title and commencement.**– (1) This Bill shall be called the Criminal Law(Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendments in the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860).**– In the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860), the following further amendments shall be made, namely:–

(1) in section 85, at the end for the full stop a colon shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added, namely:–

"Provided further that nothing contained in this section shall exempt from criminal liability any person who, having voluntarily or willfully consumed an intoxicating substance, commits any act resulting in the death of another person, including by driving or operating a vehicle under the influence of such substance.";

(2) After Section 320, the following new section shall be inserted namely:-

"**320A. Qatl-e-Khata by Intoxicated Driving.**_Whoever, by driving or operating a motor vehicle under the influence of alcohol, narcotics, or any intoxicating drug, causes the death of any person,

shall be guilty of *Qatl-e-Khata by Intoxicated Driving* and shall be punished with imprisonment of either description for a term which may extend to **ten years**, and with fine which shall not be less than **five hundred thousand rupees**;

Provided that for the purposes of this section, a person shall be deemed to be under the influence if the concentration of alcohol exceeds 30 mg per 100 ml of blood; or any detectable quantity of narcotic or psychotropic substance is found in the system;

Provided further that nothing in this section shall preclude the application of Section 322 or Section 302 where evidence demonstrates knowledge or intention."

3. **Amendments in the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898).**– In the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), the following further amendments shall be made, namely:–

(1) After Section 174A of the Code of Criminal Procedure, 1898, the following new sections shall be inserted, namely:-

"**174B. Mandatory chemical testing in road accidents involving death or serious injury.**-In every case of a road accident resulting in death or serious bodily injury, the officer in charge of the police station or the investigating officer not below the rank of Sub-Inspector shall, without delay, require the driver or drivers involved to undergo mandatory breath, blood, saliva, or urine testing for detection of alcohol, narcotics, or psychotropic substances;

Provided that such testing shall be conducted within two hours of the accident or arrest, whichever is earlier and the test results shall be immediately forwarded to the concerned Magistrate and the Prosecutor.

**174C. Registration of FIR in cases of intoxicated driving resulting in death or injury.**- (1) Where chemical testing confirms that a driver was under the influence of intoxicants at the time of an accident resulting in death or serious bodily injury, the officer in charge shall lodge an FIR under Section 320A of the Pakistan Penal Code.

(2) Where evidence collected during investigation establishes that the accused was willfully and voluntarily intoxicated and such intoxication has resulted in the death of a person, the investigating officer shall lodge and FIR under Section 302 of the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) in addition to any other applicable provisions of law.

(3) Failure to comply with subsection (1) or deliberate delay in chemical testing shall constitute misconduct and an offence punishable under the Pakistan Penal Code (Act XLV of 1860) and other relevant laws."

**4. Amendments in Schedule II of the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898).–** After the entries relating to Section 174, the following shall be inserted, namely:-

| Section | Offence | Cognizable | Bailable | Triable by | Compoundable |
|---|---|---|---|---|---|
| 174-B | Refusal, evasion, or non-compliance with mandatory testing | Yes | No | Magistrate First Class | No |
| 174-C | Failure to register FIR or deliberate suppression of intoxication evidence | Yes | No | Magistrate First Class | No |
| 174-D | Violations relating to immediate suspension of licence | Yes | No | Magistrate First Class | No |

## Statement of Objects and Reasons

The primary purpose of this Bill is to strengthen the criminal justice framework governing offences arising from intoxicated driving, in order to safeguard human life, ensure public safety, and uphold the rule of law. Incidents of fatal and grievous road accidents caused by drivers under the influence of alcohol, narcotics, or other intoxicants have increased at an alarming rate across the country, resulting in avoidable loss of life and injury. Existing legal provisions do not provide a sufficiently comprehensive mechanism for timely and mandatory chemical testing, uniform charging standards, or effective accountability of offenders and investigating officials.

Intoxicated driving, particularly when resulting in death, reflects a reckless disregard for human life and constitutes conduct of the gravest nature. This Bill accordingly proposes amendments to the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure to establish a clear and enforceable statutory framework, including the creation of a dedicated offence for causing death by intoxicated driving, mandatory chemical testing within a prescribed time, immediate suspension of driving licences, and criminal consequences for refusal to undergo testing or tampering with evidence.

These amendments seek to align domestic law with internationally recognised best practices while remaining fully consistent with constitutional guarantees and the Islamic principles of protection of life and public welfare. The proposed reforms reinforce the State's obligation to safeguard its citizens, enhance deterrence against reckless and intoxicated driving, and ensure that those responsible for such offences are held to account in accordance with law.

**SD/-**
**MIRZA IKHTIAR BAIG**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۴۵ مجریہ ۱۸۶۰ء) اور ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ مجریہ ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نشے کی حالت میں ڈرائیونگ سے ہونے والی اموات کی روک تھام، لازمی کیمیائی ٹیسٹنگ، تیز ترین تفتیش، فرد جرم عائد کرنے کے مناسب معیارات اور بین الاقوامی بہترین طریقوں کے مطابق بہتر احتساب کے لیے جامع قانونی ڈھانچہ وضع کیا جائے؛

بذریعہ ہذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) یہ بل فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر ۴۵ مجریہ ۱۸۶۰ء) میں ترامیم:** مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر ۴۵ مجریہ ۱۸۶۰ء) میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی جائیں گی، یعنی:-

(۱) دفعہ ۸۵ میں، آخر میں وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل جملہ شرطیہ شامل کر دیا جائے گا، یعنی:-

"مزید شرط یہ ہے کہ اس دفعہ میں مذکور کوئی بھی چیز کسی ایسے شخص کو مجرمانہ ذمہ داری سے مبرا نہیں کرے گی جس نے رضاکارانہ طور پر یا جان بوجھ کر کوئی نشہ آور شے استعمال کی ہو اور کسی ایسے فعل کا ارتکاب کرے جس کے نتیجے میں کسی دوسرے شخص کی موت واقع ہو، بشمول ایسی شے کے زیر اثر گاڑی چلانا یا آپریٹ کرنا۔"؛

(۲) دفعہ ۳۲۰ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کر دی جائے گی، یعنی:-

"۳۲۰-الف۔ **قتل خطا بوجہ نشہ آور ڈرائیونگ:** جو کوئی بھی، الکوحل، منشیات یا نشہ آور دوا کے زیر اثر موٹر گاڑی چلاتے یا آپریٹ کرتے ہوئے، کسی شخص کی موت کا سبب بنتا ہے، وہ "قتل خطا بوجہ نشہ آور ڈرائیونگ" کا مجرم ہو گا اور اسے کسی بھی قسم کی قید کی سزا دی جائے گی جس کی مدت دس سال تک ہو سکتی ہے، اور جرمانہ بھی ہو گا جو پانچ لاکھ روپے سے کم نہ ہو گا؛

بشرطیکہ اس دفعہ کے مقاصد کے لیے، کسی شخص کو اس وقت نشے کے زیر اثر سمجھا جائے گا جب خون میں الکوحل کا ارتکاز ۳۰ ملی گرام فی ۱۰۰ ملی لیٹر سے زیادہ ہو؛ یا اس کے نظام میں منشیات یا نفسیاتی مادے کی کوئی بھی قابل شناخت مقدار پائی جائے؛

مزید شرط یہ ہے کہ اس دفعہ کی کوئی بھی چیز دفعہ ۳۲۲ یا دفعہ ۳۰۲ کے اطلاق کو نہیں روکے گی جہاں شواہد علم یا نیت کو ظاہر کرتے ہوں۔"

۳۔ **مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ مجریہ ۱۸۹۸ء) میں ترامیم:** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ مجریہ ۱۸۹۸ء) میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی جائیں گی، یعنی:-

(۱) مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء کی دفعہ ۱۷۴-الف کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعات شامل کر دی جائیں گی، یعنی:-

"۱۷۴-ب۔ **موت یا شدید زخمی والے ٹریفک حادثات میں لازمی کیمیائی ٹیسٹنگ:** سڑک کے ہر اس حادثے میں جس کے نتیجے میں موت یا شدید جسمانی چوٹ واقع ہو، تھانے کا افسر انچارج یا تفتیشی افسر جو سب انسپکٹر کے عہدے سے کم نہ ہو، بغیر کسی تاخیر کے، ملوث ڈرائیور یا ڈرائیوروں کو شراب، منشیات یا نفسیاتی مادوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے لازمی سانس، خون، تھوک یا پیشاب کے ٹیسٹ کروانے کا پابند کرے گا؛

بشرطیکہ ایسی ٹیسٹنگ حادثے یا گرفتاری کے دو گھنٹے کے اندر، جو بھی پہلے ہو، کی جائے گی اور ٹیسٹ کے نتائج فوری طور پر متعلقہ مجسٹریٹ اور پراسیکیوٹر کو بھجوائے جائیں گے۔

**۱۷۴-ج۔ نشے کی حالت میں ڈرائیونگ سے موت یا زخمی ہونے کے نتیجے میں ایف آئی آر کا اندراج:** (۱) جہاں کیمیائی ٹیسٹنگ سے تصدیق ہو جائے کہ ڈرائیور حادثے کے وقت، جس کے نتیجے میں موت یا شدید جسمانی چوٹ واقع ہوئی، نشہ آور اشیاء کے زیر اثر تھا، تو افسر انچارج مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۳۲۰-الف کے تحت ایف آئی آر درج کرے گا۔

(۲) جہاں تفتیش کے دوران جمع کیے گئے شواہد یہ ثابت کریں کہ ملزم جان بوجھ کر اور رضاکارانہ طور پر نشے میں تھا اور اس نشے کے نتیجے میں کسی شخص کی موت واقع ہوئی ہے، تو تفتیشی افسر قانون کی دیگر قابل اطلاق دفعات کے علاوہ مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ نمبر ۴۵ مجریہ ۱۸۶۰ء) کی دفعہ ۳۰۲ کے تحت ایف آئی آر درج کرے گا۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کی تعمیل میں ناکامی یا کیمیائی ٹیسٹنگ میں جان بوجھ کر تاخیر غلط روی تصور ہو گی اور یہ مجموعہ تعزیرات پاکستان (ایکٹ ۴۵ مجریہ ۱۸۶۰ء) اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت قابل سزا جرم ہو گا۔"

۴۔ **<u>مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ مجریہ ۱۸۹۸ء) کے جدول دوم میں ترامیم:</u>** دفعہ ۱۷۴ سے متعلق اندراجات کے بعد، مندرجہ ذیل کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:-

| دفعہ | جرم | قابل دست اندازی | قابل ضمانت | قابل سماعت منجانب | قابل راضی نامہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷۴-ب | لازمی ٹیسٹنگ سے انکار، گریز یا عدم تعمیل | ہاں | نہیں | مجسٹریٹ درجہ اول | نہیں |
| ۱۷۴-ج | ایف آئی آر درج کرنے میں ناکامی یا نشہ آور شواہد کو قصداً چھپانا | ہاں | نہیں | مجسٹریٹ درجہ اول | نہیں |
| ۱۷۴-د | ڈرائیونگ لائسنس کی فوری معطلی سے متعلق خلاف ورزیاں | ہاں | نہیں | مجسٹریٹ درجہ اول | نہیں |

## <u>بیان اغراض و وجوہ</u>

اس بل کا بنیادی مقصد نشے کی حالت میں ڈرائیونگ سے وقوع پذیر ہونے والے جرائم پر قابو پانے کے لیے فوجداری انصاف کے فریم ورک کو مضبوط بنانا ہے، تاکہ انسانی جانوں کا تحفظ کیا جا سکے، عوامی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے اور قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھا جا سکے۔ الکوحل، منشیات یا دیگر نشہ آور اشیاء کے زیر اثر ڈرائیوروں کی وجہ سے ہونے والے جان لیوا اور سڑک کے سنگین حادثات کے واقعات میں ملک بھر میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں انسانی جانوں کے ضیاع اور لوگوں کو زخمی ہونے سے بچایا جا سکتا تھا۔ موجودہ قانونی دفعات بروقت اور لازمی کیمیائی ٹیسٹنگ، یکساں چارجنگ معیارات، یا مجرموں اور تفتیشی حکام کے موثر احتساب کے لیے کافی جامع میکانزم فراہم نہیں کرتیں۔

نشے کی حالت میں ڈرائیونگ، خاص طور پر جب اس کے نتیجے میں موت واقع ہو، انسانی جان کے لیے لاپرواہی اور بے اعتنائی کی عکاس ہے اور سنگین ترین نوعیت کا فعل ہے۔ لہذا، یہ بل مجموعہ تعزیرات پاکستان اور ضابطہ فوجداری میں حسبہ، ترامیم تجویز کرتا ہے تاکہ ایک واضح اور قابل نفاذ قانونی فریم ورک وضع کیا جا سکے، جس میں نشے کی حالت میں ڈرائیونگ سے موت کا سبب بننے کا ایک مخصوص جرم تشکیل دینا، مقررہ وقت کے اندر لازمی کیمیائی ٹیسٹنگ، ڈرائیونگ لائسنس کی فوری معطلی، اور ٹیسٹ کروانے سے انکار یا شواہد میں ردوبدل کرنے پر مجرمانہ نتائج شامل ہیں۔

یہ ترامیم ملکی قانون کو بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ بہترین طریقوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش ہیں جبکہ یہ آئینی ضمانتوں اور انسانی جان کے تحفظ اور عوامی فلاح وبہبود کے اسلامی اصولوں کے ساتھ مکمل طور پر مطابقت رکھتی ہیں۔ مجوزہ اصلاحات اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے ریاست کی ذمہ داری کو تقویت دیتی ہیں، لاپرواہی اور نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے خلاف رکاوٹ کو بڑھاتی ہیں، اور اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ ایسے جرائم کے ذمہ داروں کو قانون کے مطابق جوابدہ ٹھہرایا جائے۔

دستخط/-

مرزا اختیار بیگ

اراکین، قومی اسمبلی